سوال

(193) تعزیت کے آداب ودعاء بتائیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تعزیت کے آداب ودعاء بتائیں۔ (عبدالغنی عاصم۔ لسبیلا) (۵ مئی ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

تعزیت کرنا سنت ہے کیونکہ اس سے پریشان حال کی دلجوئی ہوتی ہے۔ اور اس کے لیے بھلائی کی دعاء بھی ہونی چاہیے۔ اس میں کوئی فرق نہیں مرنے والا چھوٹا ہو یا بڑا اور نہ تعزیت کے لیے کوئی مخصوص الفاظ ہیں۔ بلکہ مناسب آسان جو بھی الفاظ ہوں، ان سے تعزیت ہو سکتی ہے اور نہ اس کے لیے کوئی وقت یا دن مقرر ہے۔ تعزیت کے لیے مخصوص ہیئت میں مخصوص دن بیٹھے رہنا سنت سے ثابت نہیں۔ اس سے اجتناب ضروری ہے۔ صحیح حدیث میں ہے: ''جو دین میں اضافہ کرے وہ مردود ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]

جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 213

محدث فتویٰ